سوال

(431) نماز میں بچوں کی صف کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

دو آدمی مسجد میں آئے اوران کے ساتھ سات یا آٹھ سال کا بچہ بھی تھا ان مین سے ایک امام بن گیا اور دوسرا آدمی اور بچہ صف بنا کر امام کے پیچھے کھڑے ہوگئے تو سوال یہ ہے کہ ان کی نماز کا کیا حکم ہے ؟ کیا یہ صحیح ہے یا غلط ؟ کتنی عمر کا بچہ صف میں ساتھ کھڑا ہو سکتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صف میں وہ بچہ کھڑا ہو سکتا ہے جو سن تکلیف (شرعی احکام کی پابندی کی عمر) کو پہنچ گیا ہو اور وہ اس طرح کہ وہ پندرہ سال کی عمر کا ہوگیا ہو یا اسے احتلام شروع ہوگیا ہو یا اس کے زیر ناف کھردرے بال اگ آئے ہوں اور علماء کے صحیح قول کے مطابق سات سال کی عمر کے بچے کو مردوں کی صف میں کھڑا کرنا جائز ہے ۔ (وصلی اللہ علی نبینا محمد وآلہ وصحبہ وسلم) (فتویٰ کمیٹی)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

صفحہ نمبر 383

محدث فتویٰ